سٹیم کو ان ہیل (Inhale) کرنے پر روزے کا حکم

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر کوئی غسل کے دوران روزے کی حالت میں گرم پانی سے نکلنے والی بھاپ کو ان ہیل کرے تو اس سے اس کا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

سائل: p ی س (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَ وَالصَّوَابِ

اس کا وہی حکم ہے جو دھوئیں اور غبار کا حکم ہے کہ اگر روزہ یاد ہونے کی صورت میں قصداً گرم پانی کی بھاپ کو اندر لے گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

جیساکہ ردالمحتار میں علامہ ابن عابدین شامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں "لَوْ تَبَخَّرَ بِبَخُورٍ وَآوَاهُ إلَى نَفْسِهِ وَاشْتَمَّهُ ذَاكِرًا لِصَوْمِهِ أَفْطَرَ لِإِمْكَانِ التَّحَرُّزِ عَنْهُ وَهَذَا مِمَّا يَغْفُلُ عَنْهُ كَثِيرٌ مِنْ النَّاسِ"

اگر خوشبو سلگ رہی تھی اور اس نے روزہ یاد ہونے کی صورت میں اسے قریب کیا اور سونگھا تو روزہ ٹوٹ گیا کیونکہ اس سے بچنا ممکن ہے یہی وہ چیز ہے جس سے اکثر لوگ غافل ہیں۔

(ردالمحتار باب مایفسد الصوم ومالایفسد ج2 ص395)

اگر قصداً ایسا نہیں کیا یعنی جان بوجھ کر بھاپ (Steam) کو ان ہیل (Inhale) نہیں کیا بلکہ سانس کے ذریعے بھاپ اندر چلی گئی تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ جیساکہ درمختار میں علامہ محمد بن علی حصکفی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں: دَخَلَ حَلْقَهُ غُبَارٌ أَوْ ذُبَابٌ أَوْ دُخَانٌ وَلَوْ ذَاكِرًا اسْتِحْسَانًا لِعَدَمِ إمْكَانِ التَّحَرُّزِ عَنْهُ "اگر غبار، مکھی یا دھواں خود بخود اس کے حلق میں چلا گیا اگرچہ روزہ یاد تھا تو استحساناً روزہ نہیں ٹوٹے گا کیونکہ اس سے بچنا ممکن نہیں۔

(درمختار مع ردالمحتار باب مایفسد الصوم ومالایفسد ج2 ص395)

اور بہار شریعت میں ہے: اور اگر خود قصداً دھواں پہنچایا تو فاسد ہوگیا جبکہ روزہ دار ہونا یاد ہو، خواہ وہ کسی چیز کا دھواں ہو اور کسی طرح پہنچایا ہو، یہاں تک کہ اگر کی بتی وغیرہ خوشبو سُلگتی تھی، اُس نے مونھ قریب کرکے دھوئیں کو ناک سے کھینچا روزہ جاتا رہا۔

(بہار شریعت ج1 ص982 مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date:17-5-2018